© rasailojaraid.com



# حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ سے امیر احرار کی ملاقات

عبداللطیف خالد چیمہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی نائب امیر اور حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کے خلیفۂ مجاز حضرت سید انور حسین شاہ صاحب (سید نفیس الحسینی) مدظلہ العالی گزشتہ کچھ عرصہ سے شدید علیل ہیں اور کان کے مرض کی وجہ سے اب بہت نحیف بھی ہو چکے ہیں اور زیر علاج ہیں۔ حضرت شاہ صاحب دامت برکاتہم ہمارے بہت ہی قابل احترام بزرگوں کی یادگار ہیں اور حضرت اقدس رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کی نسبت سے پوری دنیا میں ان کا وسیع حلقۂ ارادت ہے اور ایک دنیا ان سے فیض یاب ہو رہی ہے۔ مجلس احرار اسلام کے امیر ابن امیر شریعت، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی (خلیفۂ مجاز حضرت شاہ عبدالعزیز رائے پوری رحمہ اللہ)، مجلس کے مرکزی ناظم نشریات جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور دیگر احرار کارکن لاہور جماعت کے ذمہ دار اور حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ العالی کے مرید خاص جناب ملک محمد یوسف کی معیت میں ۲۷ر جنوری جمعرات کو بعد نماز مغرب حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ العالی کی خدمت میں ملاقات کے لیے تشریف لے گئے۔ حضرت پیر جی مدظلہ ایک طویل عرصے کے بعد حضرت شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے لہٰذا دونوں بزرگوں کی ملاقات والتفات اور باہمی دعاؤں کا منظر متعدد لوگوں نے دیکھا جو واقعتاً دیدنی تھا اور ہمارے اکابر کے طریقے کے عین مطابق حضرت سید نفیس الحسینی نے حضرت پیر جی مدظلہ کے سر پر ہاتھ پھیر کر ڈھیروں دعاؤں سے نوازا۔ حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ نے شاہ صاحب کے جانے کے بعد فرمایا: ''میں نے خواب دیکھا تھا کہ ''پیر جی'' میری صحت یابی کی دعاء فرما رہے ہیں۔ آج اُن کی تشریف آوری اس خواب کی تعبیر ہے۔'' حضرت پیر جی کے آنے سے اُن کی طبیعت ہشاش بشاش ہوگئی اور اُن کے جانے کے بعد دیر تک انھیں یاد کرتے رہے۔ حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ اور حضرت سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم دونوں بزرگ حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ سے بیعت ہیں۔ دونوں کو حضرت رائے پوریؒ کی خدمت میں رہ کر فیض پانے کی سعادت حاصل ہوئی۔ حضرت سید نفیس الحسینی مدظلہ، حضرت رائے پوریؒ کے خلیفۂ مجاز ہیں، جب کہ حضرت سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم، حضرت رائے پوریؒ کے خلفاء حضرت شاہ عبدالعزیز رائے پوریؒ اور حضرت مولانا ڈاکٹر محمد حسین للّٰہیؒ، دونوں کے خلیفۂ مجاز ہیں۔

اللہ تعالیٰ دونوں بزرگوں کا سایہ ہم پر قائم رکھیں، اُن کی سرپرستی اور دعاؤں میں ہمیں تحفظ ختم نبوت کے مشن کے لیے جدوجہد تیز کرنے کی توفیق عطاء فرمائیں۔ تمام قارئین اور احبابِ جماعت سے درخواست ہے کہ حضرت شاہ صاحب کی صحت کاملہ اور عافیت کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت شاہ صاحب کا سایہ تا دیر ہم پر قائم رکھیں اور ہم سب اُن سے مستفید ہوتے رہیں۔ (آمین یارب العالمین)



© rasailojaraid.com